© rasailojaraid.com

# شعبہ امتحانات تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کی جانب سے

## ملحقہ مدارس کے لئے اہم اعلان

بخدمت جناب ناظم اعلیٰ صاحب / پرنسپل صاحبہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

طالبات کے سالانہ امتحان برائے 2008ء / ۱۴۲۹ھ کے لئے درجات اربعہ (عامہ، خاصہ، عالیہ، عالمیہ) کے فارم داخلہ مورخہ یکم مارچ 2008ء سے 15 مارچ 2008 تک ارسال کئے جا رہے ہیں آپ اپنے ادارے کیلئے فارم داخلہ درج ذیل ہدایات کے مطابق طلب فرما سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ بصد معذرت صرف ٹیلی فون پر فارم داخلہ ارسال نہیں کئے جائیں گے۔

(1) آپ اپنے ادارے کے لیٹر پیڈ یا سادے کاغذ پر اپنی تصدیق اور مہر کے ساتھ ہر درجہ کے فارموں کی مطلوبہ تعداد شعبہ امتحانات لاہور کو خط لکھ کر طلب کر سکتے ہیں یا کسی کو دفتری اوقات صبح 8 بجے سے 4 بجے تک بھیج کر فارموں کی قیمت فی فارم 5 روپے ادا کر کے بھی لے سکتے ہیں اگر آپ نے فارم داخلہ بذریعہ ڈاک طلب کئے ہوں تو فارموں کی قیمت امتحانی فیس کے ساتھ ضرور ارسال کریں۔

**فارموں کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے**

| | | | |
|---|---|---|---|
| وصولی فارم بغیر لیٹ فیس | 31 مارچ 2008ء تک | وصولی فارم لیٹ فیس کے ساتھ | 10 اپریل 2008ء تک |
| وصولی فارم ڈبل فیس کے ساتھ | 15 اپریل 2008ء تک | وصولی فارم ٹرپل لیٹ فیس کے ساتھ | 20 اپریل 2008ء تک |

(2) ازراہ کرم امتحانی ذمہ داری اور احتیاط سے تمام فارم داخلہ مکمل پر کریں، طالبہ کا نام اور داخلہ کا سال بہت واضح لکھیں مزید درجہ عامہ کی طالبات کے فارم داخلہ کے ساتھ اصل نام اور تاریخ پیدائش کے ثبوت کے لئے جنم پرچی، شناختی کارڈ، فارم ب یا اسکول کی تعلیم کے کسی سرٹیفکیٹ کی مصدقہ فوٹو کاپی ضرور منسلک کریں

**نوٹ** 20 اپریل 2008ء کے بعد کوئی فارم داخلہ قبول نہ کیا جائے گا لہٰذا مقررہ تاریخ تک فارم داخلہ کا دفتر شعبہ امتحانات لاہور پہنچنا ضروری ہے۔

**سالانہ امتحان 2008ء کے امتحانی فیس کی تفصیل حسب ذیل ہے**

| درجہ | اصل امتحانی فیس | لیٹ فیس | ڈبل لیٹ فیس | ٹرپل لیٹ فیس |
|---|---|---|---|---|
| الشہادۃ الثانویۃ العامہ | 200/- | 300/- | 400/- | 600/- |
| الشہادۃ الثانویۃ الخاصہ | 250/- | 375/- | 500/- | 750/- |
| الشہادۃ العالیہ | 300/- | 450/- | 600/- | 900/- |
| الشہادۃ العالمیہ | 400/- | 600/- | 800/- | 1200/- |

حتی الامکان امتحانی فیس بذریعہ پے آرڈر بنام، شعبہ امتحانات تنظیم المدارس (اہل سنت) پاکستان، ارسال کریں نیز واضح رہے کہ پے آرڈر پر ناظم امتحانات یا کسی اور کا نام ہرگز نہ لکھیں نیز اصل پے آرڈر شعبہ امتحانات کو ارسال کریں اور بطور ثبوت اس کی فوٹو کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیں اور آن لائن رقم بھجوانے کی صورت میں اس کی سلپ کی فوٹو کاپی شعبہ امتحانات کو فارم داخلہ کے ساتھ ارسال کریں۔ امتحانی فیس دستی بھی جمع کرائی جا سکتی ہے نیز رقم کم ہونے کی صورت میں منی آرڈر کے ذریعہ بھی ارسال کی جا سکتی ہے واضح رہے کہ چیک کی کلیئرنس کے لئے بینک کافی رقم کاٹ لیتا ہے لہٰذا بذریعہ چیک امتحانی فیس ہرگز ارسال نہ کریں ورنہ ایسی صورت میں کٹوتی کی رقم بھی آپ کو ادا کرنا پڑے گی۔

جاری کردہ

شعبہ امتحانات تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان

© rasailojaraid.com